Email:-roznamazahir@gmail.com
Central Media listed
ABC CERTIFIED ★★★★★
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily Zahir
زاہر
فیصل آباد

چیف ایگزیکٹو شاہ زین بابر سعود
چیف ایڈیٹر محمد آصف نوید

جلد 7 اتوار 7 جنوری 2024ء 24 جمادی الثانی 1445ھ 25 پوہ 2080 بکرمی صفحات 8 قیمت 15 روپے شمارہ 6

کمشنر کا پولیو مہم کے سو فیصد اہداف حاصل کرنیکا حکم

صفحہ 3 پر



آئی جی کی جامعہ اشرفیہ آمد
چیف ایڈمنسٹریٹر، پرنسپل سے ملاقات

صفحہ 3 پر

وفاقی محتسب ریجنل آفس فیصل آباد نے خاتون کو انشورنس کی ڈوبی رقم واپس دلوا دی

فروا بتول نے درخواست گزاری تھی کہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پالیسی کا عرصہ مکمل ہونے کے باوجود رقم نہیں دے رہی: اسسٹنٹ رجسٹرار

فیصل آباد (اے پی پی) وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ریجنل آفس فیصل آباد نے اسٹیٹ لائف کارپوریشن پاکستان فیصل آباد ریجن کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ایک سائلہ کو اس کے پالیسی کی ڈوبی ہوئی رقم واپس دلوا دی۔ اسسٹنٹ رجسٹرار یاسر شبیر ملک نے اے پی پی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ مسز فروا بتول نامی خاتون نے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ریجنل آفس فیصل آباد میں درخواست گزاری کہ من سائلہ اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن فیصل آباد ریجن میں پالیسی ہولڈر ہے اور اس کی پالیسی کا عرصہ پایہ تکمیل پا چکا ہے مگر اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن فیصل آباد سائلہ کو اس کی پالیسی کی رقم ادا نہیں کر رہا اور اس سلسلے میں ٹال مٹول اور حیلے بہانے کر رہا ہے جس نے سائلہ کو شدید ذہنی پریشانی اور اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے لہٰذا سائلہ کی جناب شاہد حسین جیلانی ایڈوائزر انچارج وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ریجنل آفس فیصل آباد اور جناب یاسر شبیر ملک اسسٹنٹ رجسٹرار سے درخواست ہے کہ سائلہ کی پالیسی کی رقم جو کہ مبلغ 10,98,440 روپے بنتی ہے سائلہ کو دلوا کر غریب پروری فرمائی جائے تاکہ انصاف کا بول بالا ہو اور سائلہ اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لئے ذرائع آمدنی کا معقول انتظام و انصرام کر سکے۔ جس پر شاہد حسین جیلانی ایڈوائزر انچارج وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ریجنل آفس فیصل آباد نے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن پاکستان فیصل آباد ریجن کے خلاف کاروئی کا آغاز کیا اور سائلہ مسز فروا بتول کی کثیر مطلوبہ رقم کل مبلغ 10 لاکھ 98 ہزار 440 روپے انتہائی قلیل مدت میں واپس دلوا دی جس پر سائلہ نے شاہد حسین جیلانی ایڈوائزر انچارج اور یاسر شبیر ملک اسسٹنٹ رجسٹرار وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ ریجنل آفس فیصل آباد اور ان کے عملے کا مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا اور وفاقی محتسب کی ترقی کے لئے دعائیں دیں۔